فوری ریلیز کے لیے: 11/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ لانگ آئلینڈ میں 2026 کا عالمی کپ دیکھنے کی تقریبات کے مفت ٹکٹس کے لیے اندراج اب شروع ہے

مفت ٹکٹس کی درخواست یہاں جمع کروائیں

مفت تقریبات میں 2026 کے عالمی کپ کے میچز دیکھنے کے کمیونٹی کے خاندان دوست تجربے پیش کیے جائیں گے اور یہ ریاست نیو یارک میں نوجوانوں کے لیے ساکر میں طویل مدتی سرمایہ کاری کی معاونت کریں گی

شرکت کنندگان کو ترغیب دی جاتی ہے کہ Stony Brook University تک آسان رسائی کے لیے عوامی ذرائع آمد و رفت استعمال کریں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ لانگ آئلینڈ میں نیو یارک اسٹیٹ یونائٹڈ — 2026 ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنس (New York State United — 2026 World Cup Watch Experience) کی مفت ٹکٹس کے لیے اندراج اب باقاعدہ طور پر شروع ہے۔ اپنی نوعیت کی یہ پہلی، مفت، عوامی وسیع پیمانے پر دیکھنے کی تقریب 12 جون کو Stony Brook University میں منعقد ہو گی اور اس میں نیو یارک کے ہزاروں باشندوں کی شرکت متوقع ہے۔ یہ دن دو تقریبات پر مشتمل ہو گا: عالمی کپ کا کینیڈا بمقابلہ بوسنیا ہرزیگووینا (گروپ B) میچ سہ پہر 03:00 بجے اور عالمی کپ کا USA بمقابلہ پیراگوئے (گروپ D) میچ رات 09:00 بجے۔ نیو یارک بھر کے خاندان، ساکر کے شائقین اور کمیونٹیز اب ان میں سے ایک یا دونوں مواقع کے ٹکٹس کی درخواست کر سکتے ہیں۔

یہ سنگ میل 2026 کے عالمی کپ کی سنسی خیزی ریاست نیو یارک بھر کی کمیونٹیز میں براہ راست لانے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنس Stony Brook University کو ایک ایسی مفت، قابل رسائی بیرون خانہ منزل مقصود میں تبدیل کر دے گا جہاں علاقے بھر کے خاندان، شائقین ساکر اور نیو یارک کے باشندے اکٹھے ہو کر گھر کے قریب اس ٹورنامنٹ کا تجربہ حاصل کر سکیں گے۔ براہ راست میچ دیکھنے کے علاوہ، اس تقریب میں ساکر کے انٹرایکٹیو تجربات، تفریح، مقامی کھانے اور مشروبات پیش کیے جانا، اور لانگ آئلینڈ اور ریاست نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کی توانائی، تنوع اور جذبے کا جشن منانے کے پروگرام شامل ہوں گے۔

"مجھے اس عالمی کپ کو — جو صحیح معنوں میں ایک عالمگیر موقع ہے — براہ راست ریاست نیو یارک بھر کی کمیونٹیز میں لانے پر فخر ہے، جس میں لانگ آئلینڈ میں نیو یارک اسٹیٹ یونائٹڈ 2026 ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنس (New York State United 2026 World Cup Watch Experience) کے ٹکٹ کا آج اندراج شروع کیا جانا شامل ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیو یارک بھر میں دیکھنے والی مفت، خاندان دوست تقریبات تیار کر کے، ہم خاندانوں، شائقین اور کمیونٹیز کے لیے آسان تر بنا رہے ہیں کہ اکٹھے ہو کر، اس عالمی کھیل کا جشن منائیں اور دیرپا یادیں بنائیں — ریاست میں نوجوانوں کے ساکر کے مستقل میں سرمایہ کاری جاری رکھتے ہوئے۔"

لانگ آئلینڈ میں ہونے والی تقریب ریاست نیو یارک کے دو فلیگ شپ ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنسز میں سے ایک ہے، جس کی دوسری بڑی عوامی سطح پر دیکھنے کی تقریب کی منصوبہ بندی 19 جولائی کو ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں Kensico Dam Plaza میں FIFA عالمی کپ کے فائنل کے لیے کی گئی ہے۔ 12 جون والی دونوں تقریبات میں داخلے کے لیے اندراج مفت اور لازمی ہے۔ ٹکٹ کے اندراج کے عمل یا 12 جون کی تقریبات کے متعلق مزید

معلومات کے لیے، [sic]ٹکٹس کے لیے رجسٹر کرنے والے شائقین کے پاس تقریبات کے متعلق اپ ڈیٹس، ذرائع آمد و رفت کی معلومات، شیڈول کی یاددہانیاں اور متعلقہ دن کی اہم اطلاعات بذریعہ ای میل اور ٹیکسٹ پیغامات حاصل کرنے کا آپشن بھی ہو گا۔ ٹکٹ کے اندراج کے عمل یا 12 جون کی تقریبات کے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ایونٹ ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ لانگ آئلینڈ میں ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنس گورنر Hochul (ہوکل) کی اس ریاست گیر کاوش میں شامل متعدد عوامی سطح پر دیکھنے کے تجربات میں سے ایک ہے جو نیو یارک کے باشندوں کے لیے 2026 کے عالمی کپ میں شرکت کے بے مثال مواقع پیدا کرے گی۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی اس وسیع حکمت عملی پر استوار، جس کا مقصد بڑے عالمی ایونٹس سے ریاست بھر کے لیے دیرپا فوائد حاصل کرنا ہے، دیکھنے والی یہ تقریبات نیو یارک اسٹیٹ کمیونٹی ورلڈ کپ گرانٹ پروگرام (New York State Community World Cup Grant Program) اور تجویز کردہ NY Kicks کی تکمیل کرتی ہیں: ایک ورلڈ کپ لیگیسی انویسٹمنٹ فنڈ (World Cup Legacy Investment Fund)، جو ریاست بھر کی کمیونٹیز میں نوجوانوں کے ساکر کے بنیادی ڈھانچے اور پروگرامز تک رسائی کو وسعت دے گا۔ یہ اقدامات گورنر Hochul (ہوکل) کے *آف لائن ہوں، باہر جائیں (Get Offline, Get Outside)* اقدام کو بھی فروغ دیتے ہیں جو ریاست بھر میں عوامی مقامات کو فعال بنا کر اور فیملیز کے لیے مشترکہ اور سرگرم تجربات پیدا کر کے نیو یارک کے باشندوں کو ڈیوائسز سے دور رہنے اور اپنی کمیونٹیز میں باہر کھلی ہوا میں وقت گزارنے کی ترغیب دیتا ہے۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی (Empire State Development, ESD) صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "لانگ آئلینڈ ورلڈ کپ واچ ایکسپیرئنس کے لیے اندراج شروع کیا جانا نیو یارک کے باشندوں کو 2026 کے عالمی کپ کی سنسنی خیزی کا یہاں اپنے گھر میں ہی تجربہ کرنے کے مزید ایک قدم نزدیک لا رہا ہے۔ عوامی سطح پر دیکھنے کی یہ مفت تقریبات خاندانوں، شائقین اور کمیونٹیز کے لیے لانگ آئلینڈ میں اکٹھا ہونے کے مواقع پیدا کریں گی اور ساتھ ہی ریاست بھر میں نوجوانوں کی ساکر، مقامی سیاحت اور کمیونٹی کی شمولیت میں وسیع تر سرمایہ کاریوں کی معاونت کریں گی۔"

رکن اسمبلی Rebecca Kassay (ربیکا کیسے) نے کہا، "بحیثیت نمائندہ اسمبلی برائے Stony Brook University، اور بحیثیت نمائندہ لانگ آئلینڈ ایڈوائزری کمیٹی برائے 2026 فیفا ورلڈ کپ، مجھے نیو یارک میں عالمی کپ کا استقبال کرنے میں اپنے علاقے کو اس قدر بامعنی کردار ادا کرتے اور اس عالمگیر موقعے کو ہمارے رہائشیوں کے لیے مزید قابل رسائی بناتے دیکھ کر فخر ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا ان کی ایسے مواقع پیدا کرنے کی قائدانہ صلاحیت اور بصیرت پر شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جو کمیونٹیز کو اکٹھا کرتے ہیں، دکھاتے ہیں کہ ہمارے علاقے کے پاس پیش کرنے کو کیا کچھ ہے، اور لانگ آئلینڈ کے خاندانوں کو ورلڈ کپ کے جشن کی سرگرمیوں میں مدعو کرتی ہوں۔ اس تقریب کی Stony Brook University میں میزبانی کرنا مقامی کاروباری اداروں سے لے کر کھیلوں کے شائقین ہر کسی کے لیے ایک زبردست موقع ہے، اور میں اس تاریخی ٹورنامنٹ کے جذبے کا تجربہ کرنے میں مقامی رہائشیوں اور باہر سے آنے والوں کو برابر سے شرکت کرتا دیکھنے کی منتظر ہوں۔"

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Ed Romaine (ایڈ رومین) نے کہا، "عالمی کپ دنیا بھر کی تہذیبوں کا جشن ہے، اور یہ ہر چار نرس بعد لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب کرتا ہے۔ ہمیں اس تقریب اور اس کے ساتھ آنے والی خوشیوں کا انتظار ہے؛ ساکر کے بہت سارے شائقین کو ایک کمیونٹی بن کر اپنی ٹیمز کو دیکھنے کا موقع ملے گا۔"

ESD بورڈ کے چیئر Kevin Law (کیون لاء) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، نیو یارک، ریاست بھر کی کمیونٹیز کے لیے 2026 کے عالمی کپ کے جوش و خروش اور معاشی اثرات میں شریک ہونے کے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے۔ Stony Brook University میں عوامی سطح پر دیکھنے کی یہ مفت تقریبات خاندانوں، شائقین اور باہر سے آنے والوں کو لانگ آئلینڈ میں اکٹھا کریں گی اور ساتھ ہی ریاست بھر میں نوجوانوں کے کھیلوں، سیاحت اور کمیونٹی کی شمولیت میں وسیع تر سرمایہ کاریوں کی معاونت کریں گی۔"

Stony Brook University کی صدر Andrea Goldsmith (اینڈریا گولڈ اسمتھ) نے کہا، "نیو یارک کی #1 پبلک یونیورسٹی اور ایک SUNY فلیگ شپ ہونے کے ناطے، Stony Brook University اپنی نوعیت کے

اس پہلے دیکھنے کے تجربے کی میزبانی کر رہے ہونے پر پُرجوش ہے۔ ہم لانگ آئلینڈ بھر سے اور اس کے باہر سے آنے والے کمیونٹی کے ارکان کی اپنے خوبصورت کیمپس پر میزبانی کرنے کے لیے پُر امید ہیں جہاں وہ ایک اجتماعیت کے حامل اور پرجوش جذبے کے ساتھ اپنی پسندیدہ ٹیم کا ساتھ دیں گے۔ یہ تقریب ہمارے اس جذبے کی معاونت کرتی ہے کہ ایسے پرجوش اور بامعنی لمحات میں لوگوں کو متحد کرنے کے لیے لانگ آئلینڈ کے لیے ایک سماجی اور تہذیبی قوت کے سرچشمے کا کردار ادا کریں۔ ہم اپنے دروازے کھولنے، کمیونٹی میں اپنے گہرے تعلقات کو تقویت دینے اور مل کر اس تاریخی عالمگیر موقعے کا جشن منانے کے لیے پُرامید ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے ڈائریکٹر برائے میجر ایونٹ آپریشنز Justin Brannan (جسٹن برینن) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی توجہ یہ یقینی بنانے پر مرکوز ہے کہ عالمی کپ کا تجربہ نیو یارک بھر کے خاندانوں کے لیے قابل رسائی اور قابل استطاعت ہو۔ بڑی، کمیونٹی پر مرکوز تقریبات کی میزبانی کر کے، ہم کرہ ارض کے سب سے بڑے کھیلوں کے ٹورنامنٹ کو اپنے علاقے کی مشترکہ تقریبات میں تبدیل کریں گے جو لوگوں کو ان کے اپنے آنگن میں ہی اکٹھا کر دیں گی۔"

یہ خاندان دوست تقریبات ریاست نیو یارک کی 2026 کے عالمی کپ کے ریاست گیر اور معاشی اثرات کو بھرپور بنانے کی مربوط کاوش کا حصہ ہیں، جو اس تاریخی موقعے کو اپنے گھر کے قریب دیکھنے کا تجربہ کرنے کے لیے کمیونٹیز کو اکٹھا کریں گی جبکہ نوجوانوں کے لیے ساکر اور کمیونٹی کے بنیادی ڈھانچے میں طویل مدتی سرمایہ کاریوں کو فروغ دیں گی۔

آئندہ کے ریاست نیو یارک ورلڈ کپ اعلانات سے باخبر رہنے کے لیے سائن اپ کرنے کے طریقے کے بارے میں نیز دیگر مزید معلومات کے لیے یہاں I LOVE NY ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

صارفین سے گزارش ہے کہ وہ سفر شروع کرنے سے پہلے لمحہ بہ لمحہ سروس اپ ڈیٹس کے لیے MTA ایپ، TrainTime ایپ یا mta.info ملاحظہ کر لیں۔ شائقین کو چاہیے کہ خدمت سے متعلق الرٹس بذریعہ ای میل اور پیغامات حاصل کرنے کے لیے بھی سبسکرائب کریں۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں معلومات
امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اقتصادی ترقی کے شعبے میں نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر ایک میں اپنے دفاتر کے ساتھ، ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کاؤنسلز کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ مساوات کو سپورٹ کرتا ہے، اور آفس آف اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت کو بڑھا رہی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً ریاست نیو یارک میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ مشغول و مصروف رہتی ہے، چھوٹے کاروباروں کو بڑھنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا ایک محیط نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے عالمی معیار کے سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم esd.ny.gov ملاحظہ کریں، اور ESD کے ساتھ LinkedIn، Facebook اور X (سابقہ Twitter) پر رابطے میں رہیں۔

###